بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

سُبْحٰنَكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ سُلْطَانُكَ ○ يَا مَنْ هُوَ اللهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْقَدِيْمُ الْمُنْعِمُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ سَرْمَدًا عَلٰى نُوْرِكَ الْحَبِيْبِ الَّذِىْ اَظْهَرْتَ اٰدَمَ وَحَوَّاءَ لِوِلَادَتِهٖ ○ وَجَعَلْتَ الصَّلٰوةَ وَالسَّلَامَ بَيْنَهُمَا الْمَهْرَ وَشَهِدْتَّ بِهٖ وَشَهِدَتْ مَلٰئِكَتُكَ ○ فَهُوَ النُّوْرُ جَاءَ مِنْ اٰدَمَ وَهَابِيْلَ وَشِيْثَ وَمَهْلَائِيْلَ وَنُوْحٍ اِلٰى اِبْرٰهِمَ وَبَعْدَهٗ اِسْمٰعِيْلَ نَسْلًا بَعْدَ نَسْلٍ وَّاَقَمْتَ اِبْرٰهِمَ وَاِسْمٰعِيْلَ بِمَكَّةَ ○ وَاَمَرْتَهُمَا اَنْ يَّبْنِيَا بَيْتَكَ الشَّرِيْفَ بِهَالِتَكُوْنَ مَوْلِدَ حَبِيْبِكَ فَيَدْعُوَانِ لَكَ ○ فَقُلْتَ فِى الْقُرْاٰنِ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ وَنُوْرِكَ الَّذِىْ جَعَلْتَ وَالِدَيْهِ اَطْيَبَ الْوَالِدِيْنَ ○ وَاٰلَهٗ اَطْيَبَ الْاٰلِ ○ وَاَصْحَابَهٗ اَطْيَبَ الْاَصْحَابِ وَاُمَّتَهٗ اَطْيَبَ الْاُمَمِ ○ وَهُوَ نُوْرُكَ الْقَدِيْمُ الْمُنْعِمُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ○ وَعَلٰى وَالِدَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَصْحَابِهٖ بِكُلِّ

شَأْنٍ جَدِيْدٍ اِلٰى اَبَدِ الْاٰبَادِ ○

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

پاکی ہے تیری نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے بادشاہت ہے تیری اے وہ جو اللہ ہے نہیں کوئی معبود سوائے اس کے جو قدیمی ذات والا انعام والا ہے تو بھیج خوب خوب سرمدی درود و سلام اور برکت اپنے اس نور حبیب پر کہ جن کی ولادت کے لئے تو نے آدم وحوا کو ظاہر فرمایا اور ان کا مہر تو نے درود وسلام رکھا جس پر تو اور تیرے فرشتے گواہ ہوئے پس وہ نور آدم وہابیل شیث ومہلائیل اور نوح کے پاس سے ہوکر ابراہیم اور ان کے بعد اسماعیل کے پاس نسلا بعد نسل ہوتے ہوئے آیا اور تو نے ابراہیم واسماعیل کو مکہ مکرمہ میں مقیم فرمایا اور انہیں وہاں اپنے شرافت والے گھر کی تعمیر کا حکم فرمایا تا کہ وہ تیرے حبیب ﷺ کی جائے پیدائش قرار پائے چنانچہ وہ دونوں حضرات تیری بارگاہ میں دعا فرماتے تھے جیسا کہ تو نے قرآن میں فرمایا ''اے ہمارے پالنہار تو بھیج ان میں ایک رسول انہیں میں سے تا کہ وہ ان پر تیری آیتیں تلاوت فرمائے اور انہیں تیری کتاب وحکمت سکھائے اور انہیں خوب ستھرا فرمادے بے شک تو ہی غالب حکمت والا ہے'' اور اپنے اس نور پر کہ بنایا تو نے جن کے والدین کو تمام والدین میں سب سے زیادہ پاکیزہ اور ان کی آل کو تمام آل میں سب سے زیادہ پاکیزہ اور ان کے اصحاب کو تمام اصحاب میں سب سے زیادہ پاکیزہ اور ان کی امت کو تمام امتوں میں سب سے زیادہ پاکیزہ اور وہ تیرے قدیمی انعام فرمانے والے نور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور آپ ﷺ کے والدین پر اور آپ ﷺ کی آل پر آپ ﷺ کی اہل بیت پر اور آپ ﷺ کے اصحاب پر ہر نئی شان کے ساتھ ہمیشگی طور پر۔

نوٹ: جو شخص اس درود کو روزانہ ۳/۷/۴۰ بار پڑھنے کا اپنا معمول بنائیگا وہ دائمی قدیمی نعمت الٰہیہ سے مالا مال ہوگا اور اس کی ہر دعا قبول ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔